روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
جمعرات 25مارچ 2010ء 8ربیع الثانی 1431 ہجری 25/امان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 66

خدا کے پسندیدہ کلمات

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔
دو کلمات ایسے ہیں جو خدا کو بہت پسند ہیں ۔
زبان پر ہلکے مگر میزان میں بہت بھاری ہیں وہ یہ ہیں :۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم

﴿صحیح بخاری کتاب التوحید باب قول اللہ نضع الموازین حدیث نمبر 7008﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

۱۶۶۔نشان۔ مجھے دو بیماریاں مدت دراز سے تھیں ایک شدید درد سر جس سے میں نہایت بیتاب ہو جاتا تھا اور ہولناک عوارض پیدا ہو جاتے تھے اور یہ مرض قریباً پچیس ۲۵ برس تک دامنگیر رہی اور اس کے ساتھ دوران سر بھی لاحق ہو گیا اور طبیبوں نے لکھا کہ ان عوارض کا آخری نتیجہ مرگی ہوتی ہے چنانچہ میرے بڑے بھائی مرزا غلام قادر قریباً دو ماہ تک اسی مرض میں مبتلا ہو کر آخر مرض صرع میں مبتلا ہو گئے اور اسی سے اُن کا انتقال ہو گیا لہٰذا میں دعا کرتا رہا کہ خدا تعالیٰ ان امراض سے مجھے محفوظ رکھے۔ ایک دفعہ عالم کشف میں مجھے دکھائی دیا کہ ایک بلا سیاہ رنگ چارپائے کی شکل پر جو بھیڑ کے قد کی مانند اُس کا قد تھا اور بڑے بڑے بال تھے اور بڑے بڑے پنجے تھے میرے پر حملہ کرنے لگی اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہی صرع ہے۔ تب میں نے اپنا داہنا ہاتھ زور سے اُس کے سینہ پر مارا اور کہا کہ دور ہو تیرا مجھ میں حصہ نہیں۔ تب خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ بعد اس کے وہ خطرناک عوارض جاتے رہے اور وہ درد شدید بالکل جاتی رہی صرف دوران سر کبھی کبھی ہوتا ہے تا دو زرد چادروں کی پیشگوئی میں خلل نہ آوے۔ دوسری مرض ذیابیطس تخمیناً بیس ۲۰ برس سے ہے جو مجھے لاحق ہے جیسا کہ اس نشان کا پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے اور ابھی تک بیس دفعہ کے قریب ہر روز پیشاب آتا ہے اور امتحان سے بول میں شکر پائی گئی۔ ایک دن مجھے خیال آیا کہ ڈاکٹروں کے تجربہ کے رو سے انجام ذیابیطس کا یا تو نزول الماء ہوتا ہے اور یا کاربنکل یعنی سرطان کا پھوڑا نکلتا ہے جو مہلک ہوتا ہے سو اسی وقت نزول الماء کی نسبت مجھے الہام ہوا ...... یعنی تین عضو پر رحمت نازل کی گئی آنکھ اور دو اور عضو پر اور پھر جب کاربنکل کا خیال میرے دل میں آیا تو الہام ہوا...... سو ایک عمر گذری کہ میں ان بلاؤں سے محفوظ ہوں۔

﴿حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 376﴾

وضاحت

قبل ازیں مقابلہ حسن کارکردگی بین المجالس انصاراللہ پاکستان برائے سال 2009ء میں امتیازی پوزیشنز حاصل کرنے والی پہلی دس مجالس کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ دفتری سہو کی وجہ سے مجلس محمود آباد کراچی کا نام شامل ہونے سے رہ گیا تھا۔ جس کی رپورٹ پیش ہونے پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ساتویں پوزیشن کے لئے ڈرگ کالونی کراچی کے ساتھ محمود آباد کراچی کی منظوری بھی عطا فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ محمود آباد کراچی کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین

﴿قائد عمومی مجلس انصاراللہ پاکستان﴾

ماہر امراض نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر فرید اسلم منہاس صاحب ماہر نفسیات مورخہ 28مارچ 2010ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب وخواتین ان کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور رجسٹریشن آفس (پرچی روم) سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

﴿ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ﴾

آرتھوپیڈک سرجن کی آمد

مکرم ڈاکٹر مرزا امین بیگ صاحب آرتھوپیڈک سرجن امریکہ سے تشریف لا رہے ہیں۔ وہ مورخہ 27 تا 30 مارچ 2010ء فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ وعلاج معالجہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ مکرم ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

﴿ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ﴾

مشعل راہ

اللہ کی حدود سے تجاوز کرو گے تو شیطان حملہ کرے گا

حضرت مسیح موعودفرماتے ہیں:۔

(1) ’’چاہئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔ (کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد19ص12)

(2) یقیناً یاد رکھو کہ کوئی عمل خدا تک نہیں پہنچ سکتا جو تقویٰ سے خالی ہے۔ ہر ایک نیکی کی جڑ تقویٰ ہے۔ جس عمل میں یہ جڑ ضائع نہیں ہوگی وہ عمل بھی ضائع نہیں ہوگا۔ (کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد19ص15)

(3) تقویٰ کوئی چھوٹی چیز نہیں ہے۔ اس کے ذریعہ سے ان تمام شیطانوں کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے جو انسان کی ہر ایک اندرونی طاقت وقوت پر غلبہ پائے ہوئے ہیں۔ یہ تمام قوتیں نفس امارہ کی حالت میں انسان کے اندر شیطان ہیں۔ اگر اصلاح نہ پائیں گی تو انسان کو غلام کر لیں گی۔

(ملفوظات جلد1ص21 نیا ایڈیشن)

عربی زبان میں تقویٰ کے معنی پرہیز کرنے اور بچنے کے ہیں۔ لیکن اصطلاحاً یہ دل کی اس کیفیت و حالت کا نام ہے۔ جو قلب میں خیر وشر کی خلش اور نیکی کی تحریک و رغبت اور برائی سے نفرت و کراہت پیدا کرتی ہے۔ گویا تقویٰ اس فکر و احساس کا نام ہے جس کی بدولت ہر کام احکام خداوندی کے مطابق کرنے کی شدید خواہش اور تمنا پائی جائے اور ان کے خلاف عمل کرنے کی شدید نفرت وحقارت کا اظہار ہو۔

تقویٰ کے کئی مدارج اور باریک راہیں ہیں۔ تقویٰ شعار افراد بڑی باریک بینی سے تقویٰ کی شرائط و حدود پر قائم رہنے کے لئے کس قدر مستعد اور سرگرم رہتے ہیں اور ان کے سیرت و کردار سے شان تقویٰ کی جو خوبصورت تصویر ابھرتی ہے اور نکھرتی ہے وہ دلکش بھی ہے اور دلربا بھی ہے روح پرور بھی ہے اور ایمان افروز بھی ہے اسی سلسلہ میں شان تقویٰ کے چند واقعات ملاحظہ فرمائیے۔

ڈاک خرچ خود دیا

حضرت شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے کے بارہ میں بیان کرتے ہیں:۔

حضرت میاں صاحب نے اگر کبھی ایک لفافہ بھی ذاتی طور پر کسی کے نام لکھا تو اپنے پاس سے ڈاک خرچ دیا اور اپنا حساب اتنا پاک صاف رکھا کہ مجھے اس پاکیزگی کا علم ہو کر بے حد خوشی ہوئی۔

(رفقاء احمد جلد3ص147)

کرایہ کی رقم ادا کردی

حضرت بابو فقیر علی صاحب ایک درویش منش بزرگ تھے۔ حضرت اقدس مسیح موعود کے رفیق تھے۔ تقویٰ کی راہوں پہ قدم مارتے ہوئے زندگی بسر کی۔ ایک مرتبہ ان کی اہلیہ محترمہ بغیر بک کرائے بذریعہ ٹرین ایک مرغی لے آئیں۔ آپ کھانے کے وقت گھر آئے۔ مرغی کا سالن پکا تھا۔ جب آپ کو علم ہوا کہ اہلیہ صاحبہ بلا ادائیگی کرایہ ریل مرغی لائی ہیں تو فوراً آپ نے اس کے کرایہ کی رسید کاٹ کر رقم ادا کردی۔

(رفقاء احمد جلد3ص46)

کھانا لانے کا معاوضہ

حضرت بابو فقیر علی صاحب ریلوے میں ملازم تھے۔ کسی جگہ سٹیشن ماسٹر تعینات تھے۔ گھر سے کھانا جب بھی منگواتے تو آپ کا طریق تھا کہ قلی جو گھر سے سٹیشن پر آپ کا کھانا لاتا۔ آپ اس کا معاوضہ بھی ادا کرتے۔ (رفقاء احمد جلد3ص55)

خدا کا ڈر

ایک دفعہ حضرت مولوی نور الدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول مہاراجہ جموں وکشمیر کے ہمراہ کشتی میں جھیل ڈل کی سیر کر رہے تھے۔ مہاراجہ کی پوجا پاٹ کرانے والا پنڈت بھی ساتھ تھا۔ عصر کی نماز کا وقت ہو گیا۔ آپ نماز پڑھنے لگے۔ پنڈت نے جب آپ کو نماز پڑھتے دیکھا تو مہاراجہ سے کہنے لگا۔ مہاراج! آپ نے دیکھا کہ مولوی صاحب نے آپ سے اجازت لئے بغیر نماز پڑھنی شروع کر دی ہے۔ پنڈت نے بات کو دوہرایا لیکن مہاراجہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ جب آپ نے نماز ادا کرلی تو مہاراجہ نے پنڈت کی بات کے بارہ میں تین بار آپ سے پوچھا کہ پنڈت نے یہ کہا ہے۔ آپ نے ہر بار نفی میں جواب دیا۔ اس پر مہاراجہ کو غصہ پر غصہ آرہا تھا۔ لیکن فقط آپ سے یہی کہا آپ عالم ہیں اور ہم عالموں سے ڈرتے ہیں اور محمود غزنوی اور شاعر فردوسی کا حوالہ دیا اور کہنے لگا جب آپ عالم لوگ باہر ہماری نسبت بات کریں گے تو لوگ آپ کی باتوں کا یقین کریں گے اور اس طرح ہماری عزت پر حرف آئے گا۔ پھر مہاراجہ نے پنڈت کو گالی نکالی اور کہا مولوی صاحب ہم سے ڈرنے والے نہیں اگر ایسا ہوتا تو پہلے اجازت مانگتے پھر نماز پڑھتے۔ مگر آپ نے تو خدا کی نماز پڑھنی تھی اس لئے آپ کو خدا کا ڈر تھا ہمارا نہ تھا۔ (رفقاء احمد جلد3ص107,106)

بحر حکمت قرآن

بحرِ حکمت ہے وہ کلام تمام
عشق حق کا پلا رہا ہے جام

بات جب اس کی یاد آتی ہے
یاد سے ساری خلق جاتی ہے

سینہ میں نقشِ حق جماتی ہے
دل سے غیرِ خدا اٹھاتی ہے

درد مندوں کی ہے دوا وہی ایک
ہے خدا سے خدا نما وہی ایک

ہم نے پایا خورِ ہدیٰ وہی ایک
ہم نے دیکھا ہے دل ربا وہی ایک

اس کے منکر جو بات کہتے ہیں
یوں ہی اک واہیات کہتے ہیں

بات جب ہو کہ میرے پاس آویں
میرے منہ پر وہ بات کہہ جاویں

مجھ سے اس دل ستاں کا حال سنیں
مجھ سے وہ صورت و جمال سنیں

آنکھ پھوٹی تو خیر کان سہی
نہ سہی یوں ہی امتحان سہی

(درثمین)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

شان تقویٰ

مکرم محمد اشرف کاہلوں صاحب

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

(1) ’’چاہئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔ (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 12)

(2) یقیناً یاد رکھو کہ کوئی عمل خدا تک نہیں پہنچ سکتا جو تقویٰ سے خالی ہے۔ ہر ایک نیکی کی جڑ تقویٰ ہے۔ جس عمل میں یہ جڑ ضائع نہیں ہوگی وہ عمل بھی ضائع نہیں ہوگا۔ (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 15)

(3) تقویٰ کوئی چھوٹی چیز نہیں ہے۔ اس کے ذریعہ سے ان تمام شیطانوں کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے جو انسان کی ہر ایک اندرونی طاقت وقوت پر غلبہ پائے ہوئے ہیں۔ یہ تمام قوتیں نفس امارہ کی حالت میں انسان کے اندر شیطان ہیں۔ اگر اصلاح نہ پائیں گی تو انسان کو غلام کرلیں گی۔

(ملفوظات جلد 1 ص 21 نیا ایڈیشن)

عربی زبان میں تقویٰ کے معنٰی پرہیز کرنے اور بچنے کے ہیں۔ لیکن اصطلاحاً یہ دل کی اس کیفیت و حالت کا نام ہے۔ جو قلب میں خیر وشر کی خلش اور نیکی کی تحریک و رغبت اور برائی سے نفرت و کراہت پیدا کرتی ہے۔ گویا تقویٰ اس فکر واحساس کا نام ہے جس کی بدولت ہر کام احکام خداوندی کے مطابق کرنے کی شدید خواہش اور تمنا پائی جائے اور ان کے خلاف عمل کرنے کی شدید نفرت وحقارت کا اظہار ہو۔

تقویٰ کے کئی مدارج اور باریک راہیں ہیں۔ تقویٰ شعار افراد بڑی باریک بینی سے تقویٰ کی شرائط و حدود پر قائم رہنے کے لئے کس قدر مستعد اور سرگرم رہتے ہیں اور ان کے سیرت وکردار سے شان تقویٰ کی جو خوبصورت تصویر ابھرتی ہے اور نکھرتی ہے وہ دلکش بھی ہے اور دلربا بھی ہے روح پرور بھی ہے اور ایمان افروز بھی ہے اسی سلسلہ میں شان تقویٰ کے چند واقعات ملاحظہ فرمائیے۔

ڈاک خرچ خود دیا

حضرت شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے کے بارہ میں بیان کرتے ہیں:۔

حضرت میاں صاحب نے اگر کبھی ایک لفافہ بھی ذاتی طور پر کسی کے نام لکھا تو اپنے پاس سے ڈاک خرچ دیا اور اپنا حساب اتنا پاک صاف رکھا کہ مجھے اس پاکیزگی کا علم ہوکر بے حد خوشی ہوئی۔

(رفقاء احمد جلد 3 ص 147)

کرایہ کی رقم ادا کردی

حضرت بابو فقیر علی صاحب ایک درویش منش بزرگ تھے۔ حضرت اقدس مسیح موعود کے رفیق تھے۔ تقویٰ کی راہوں پہ قدم مارتے ہوئے زندگی بسر کی۔ ایک مرتبہ ان کی اہلیہ محترمہ بغیر بک کرائے بذریعہ ٹرین ایک مرغی لے آئیں۔ آپ کھانے کے وقت گھر آئے۔ مرغی کا سالن پکا تھا۔ جب آپ کو علم ہوا کہ اہلیہ صاحبہ بلا ادائیگی کرایہ ریل مرغی لائی ہیں تو فوراً آپ نے اس کے کرایہ کی رسید کاٹ کر رقم ادا کردی۔

(رفقاء احمد جلد 3 ص 46)

کھانا لانے کا معاوضہ

حضرت بابو فقیر علی صاحب ریلوے میں ملازم تھے۔ کسی جگہ سٹیشن ماسٹر تعینات تھے۔ گھر سے کھانا جب بھی منگواتے تو آپ کا طریق تھا کہ قلی جو گھر سے سٹیشن پر آپ کا کھانا لاتا۔ آپ اس کا معاوضہ بھی ادا کرتے۔ (رفقاء احمد جلد 3 ص 55)

خدا کا ڈر

ایک دفعہ حضرت مولوی نور الدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول مہاراجہ جموں وکشمیر کے ہمراہ کشتی میں جھیل ڈل کی سیر کررہے تھے۔ مہاراجہ کی پوجا پاٹ کرانے والا پنڈت بھی ساتھ تھا۔ عصر کی نماز کا وقت ہوگیا۔ آپ نماز پڑھنے لگے۔ پنڈت نے جب آپ کو نماز پڑھتے دیکھا تو مہاراجہ سے کہنے لگا۔ مہاراج! آپ نے دیکھا کہ مولوی صاحب نے آپ سے اجازت لئے بغیر نماز پڑھنی شروع کردی ہے۔ پنڈت نے بات کو دوہرایا لیکن مہاراجہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ جب آپ نے نماز ادا کرلی تو مہاراجہ نے پنڈت کی بات کے بارہ میں تین بار آپ سے پوچھا کہ پنڈت نے یہ کہا ہے۔ آپ نے ہر بار نفی میں جواب دیا۔ اس پر مہاراجہ کو غصہ پر غصہ آرہا تھا۔ لیکن فقط آپ سے یہی کہا آپ عالم ہیں اور ہم عالموں سے ڈرتے ہیں اور محمود غزنوی اور شاعر فردوسی کا حوالہ دیا اور کہنے لگا جب آپ عالم لوگ باہر ہماری نسبت بات کریں گے تو لوگ آپ کی باتوں کا یقین کریں گے اور اس طرح ہماری عزت پر حرف آئے گا۔ پھر مہاراجہ نے پنڈت کو گالی نکالی اور کہا مولوی صاحب ہم سے ڈرنے والے نہیں اگر ایسا ہوتا تو پہلے اجازت مانگتے پھر نماز پڑھتے۔ مگر آپ نے تو خدا کی نماز پڑھنی تھی اس لئے آپ کو خدا کا ڈر تھا ہمارا نہ تھا۔ (رفقاء احمد جلد 3 ص 107,106)

میں نماز ضرور پڑھوں گا

حضرت شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی ڈلہوزی میں ایک دفتر میں ملازم تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے دفتر کا ہیڈ کلرک نہال سنگھ میرے نماز پڑھنے پر برا مناتا۔ ایک دن اس نے افسر بالا سے میری شکایت کردی کہ دفتری اوقات میں یہ نماز پڑھتے ہیں۔ افسر نے مجھے بلایا اور کہا تم نماز کے لئے دفتر کے اوقات میں چلے جاتے ہو۔ میں نے کہا درست ہے۔ اس نے کہا جب تک میں اجازت نہ دوں تم نہیں جاسکتے۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ نماز ظہر کا وقت تھا۔ جب یہ معاملہ زیر بحث تھا۔ میں نے کہا صاحب! میں نماز ضرور پڑھوں گا۔ اگر یہ بات ناگوار ہے تو میں کہے دیتا ہوں کہ اب میں نماز کے لئے جاتا ہوں اور آپ مجھے اس سے روک نہیں سکتے۔ یہ کہہ کر میں اس کے سامنے دفتر سے نکل گیا اور سارے دفتر نے یہ نظارہ دیکھا۔

(رفقاء احمد جلد 3 ص 82)

آئندہ میاں کرم داد احمدی جانور ذبح کیا کریں

مرزا نظام الدین اور مرزا امام الدین حضرت اقدس مسیح موعود کے چچا زاد بھائی تھے۔ دونوں بھائی ملحد و بے دین تھے۔ مرزا امام الدین کی مجلس میں چرسی اور بھنگی جمع ہوتے تھے۔ یہ لوگ اباحتی فقیروں کی طرح دین کا تمسخر کرتے تھے۔ مرزا امام الدین حضرت اقدس کی مخالفت میں اس قدر سرگرم اور بڑھا ہوا تھا کہ نومبر 1885ء میں یہ خود جاکر لیکھرام کو قادیان لایا۔ آریہ سماج کی تجدید کے تحت مرزا امام الدین اور اس کے زیر اثر بعض لوگ آریہ سماج کے رکن بنے۔ مرزا امام الدین کی وفات پر میاں محمد بخش نے نماز جنازہ پڑھی۔ اس پر حضرت اقدس نے جو ردعمل ظاہر فرمایا وہ حضرت قاضی عبدالرحیم صاحب اپنی روایت میں یوں بیان کرتے ہیں:۔

’’میاں محمد بخش ...... قادیان میں قصائیوں کے جانور ذبح کیا کرتا تھا۔ جب مرزا امام الدین صاحب فوت ہوئے تو میاں مہندا نے ان کا جنازہ پڑھایا۔ اس پر حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کے لئے یہ انتظام فرمایا کہ بجائے مہندا کے آئندہ میاں کرم داد احمدی جانور ذبح کیا کریں اور ایک قصاب کو احمدیہ چوک میں بٹھایا گیا۔ جس سے میاں کرم داد کا ذبیحہ گوشت خریدا جاتا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ مرزا امام دین شریعت ...... اور اللہ تعالیٰ کی نسبت تمسخرانہ رویہ رکھتے تھے اور دہریہ خیالات کے تھے۔ ایسے شخص کا جنازہ پڑھانے والا شریعت کے احکام کا استخفاف کرنے والا سمجھا گیا‘‘۔

(رفقاء احمد جلد 6 ص 125,124)

یخنی گرادی

حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب اپنی ہمشیرہ محترمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ کی بیان فرمودہ روایت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔ میری ہمشیرہ بیان کرتی ہیں کہ ایک دفعہ (حضرت اقدس) کے لئے یخنی پکائی گئی۔ غفلت سے اس میں مکھیاں پڑ گئیں۔ دادی (حضرت منشی شادی خاں صاحب کی والدہ محترمہ جو حضرت اقدس کے گھر میں خدمت کرتی تھیں۔ دادی کے نام سے مشہور تھیں۔ ناقل) نے شور ڈال دیا کہ مکھیاں پڑ گئی ہیں۔ فرمایا اب ہم نہیں پئیں گے۔ اس نے کہا اور کسی کو پلا دیں گے۔ فرمایا جس کو ہم نہیں پیتے کسی کو بھی نہیں پینے دیں گے۔ چنانچہ حضور کے حکم سے وہ یخنی گرادی گئی‘‘۔ (رفقاء احمد جلد 6 ص 117)

اس نے میرے پیارے کا نام لیا ہے

تقویٰ محبت وعقیدت کے اظہار کا آئینہ بھی ہے۔ جو نیکی کی بنیاد پر استوار ہو اور اطاعت حکم باری تعالیٰ کا مظہر ہو۔ شان تقویٰ کا یہ پہلو بھی روحانی رعنائی اور حسن کا شاہکار ہے۔ حضرت محترمہ صالحہ بی بی رفیقہ حضرت اقدس بیان کرتی ہیں۔ ’’ایک دفعہ سخت گرمی کے موسم میں ایک عورت جو آلے بھولے (مٹی کے کھلونے) بیچنے والی تھی۔ حضرت اقدس کے گھر میں آئی اور صحن کے کنویں کے پاس سر سے ٹوکرا اتار کر بیٹھ گئی۔ سلطانو اہلیہ کرم داد کو جو (حضرت اقدس) کے گھر میں خادمہ تھیں۔ مخاطب کر کے کہنے لگی ’’بی بی بھکھ لگی اے‘‘ یعنی بی بی مجھے بھوک لگی ہے۔ اس پر خادمہ نے اس کو دو روٹیاں دال ڈال کر دے دیں۔ اس نے اس میں سے ایک لقمہ توڑا۔ لیکن جب منہ کے قریب لے جانے لگی تو ادھر ادھر مکان میں نظر دوڑائی اور کہا کہ ’’بی بی ایہہ عیسائیاں دا گھر تے نہیں؟‘‘ خادمہ نے پوچھا ’’تو کون ایں‘‘۔ تو اس نے جواب دیا ’’میں بندہ خدا دا تے امت حضرت محمد رسول اللہ دی‘‘۔ جب یہ آواز اس کی حضرت اقدس نے سنی تو اسی وقت حضور جو برآمدہ میں ٹہل رہے تھے۔ اس کے الفاظ پر جھٹ اس طرف متوجہ ہوئے اور اس طرف منہ کرکے فرمایا کہ ان کو تسلی دو ...... اور اسے ایک روپیہ بھی دیا اور فرمایا کہ اس نے میرے پیارے کا نام لیا ہے اور باوجود اس کے کہ اس کو سخت بھوک لگی ہوئی تھی۔ اس نے تقویٰ سے کام لیا کہ لقمہ توڑ کر منہ میں نہیں ڈال لیا۔ پھر اس عورت نے روٹی کھائی اور خوش خوش چلی گئی‘‘۔

(رفقاء احمد جلد 6 ص 124,123)

حضرت اقدس مسیح موعود پاکیزہ منظوم کلام میں فرماتے ہیں:۔

عجب گوہر ہے جس کا نام تقویٰ
مبارک وہ ہے جس کا کام تقویٰ
....
ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقا ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

مکرم راشد احمد دھیڑوی صاحب

تربیت اولاد قومی فریضہ ہے

اولاد کی خواہش ہر انسان کرتا ہے اور پھر اس کی خواہش ہوتی ہے کہ میری اولاد نیک اور صالح اور دین و دنیا میں نام روشن کرے اس ضمن میں ارشاد خداوندی ہے۔

''کہ اے مومنوں اپنے اہل کو بھی اور اپنی جانوں کو بھی دوزخ سے بچاؤ''۔ (سورۃ تحریم) یہاں مومنوں سے مخاطب ہو کر کہا گیا ہے کہ نہ صرف تم خود نیک بنو بلکہ اپنے اہل و عیال کو بھی تلقین کرو۔ مومن مردوں کا یہ فرض قرار دیا گیا ہے کہ نہ صرف خود نیکی اختیار کرو بلکہ اپنی بیویوں اور اپنی لڑکیوں اور لڑکوں اور گھر میں رہنے والے دیگر عزیزوں کی بھی نگرانی کریں اور دینی اور دنیوی امور میں ان کی اچھی تربیت کا انتظام کر کے انہیں دوزخ کی آگ سے بچائیں۔

اور پھر سورۃ الفرقان میں ہے کہ ''اور وہ لوگ بھی (رحمان کے بندے ہیں) جو یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقیوں کا امام بنا۔

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاک بندے ہمیشہ اپنی آئندہ نسل کی دینی و دنیوی ترقیات کے لئے دعائیں کرتے ہیں تا کہ وہ نور ایمان جو ان کے دلوں میں پایا جاتا ہے صرف ان کی ذات تک محدود نہ رہے بلکہ قیامت تک چلتا رہے۔

اس ضمن میں چند ایک احادیث پیش خدمت ہیں۔

1۔حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا اپنی اولاد کی عزت کرو اور ان کے اخلاق و کردار کو بھی بہترین بناؤ۔ (ابن ماجہ)

2۔حضرت ابی ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا کہ تین دعائیں خدا کے فضل سے ضرور قبول ہوتی ہیں، اول مظلوم شخص کی دعا جو دوسرے کے ظلم سے تنگ آ کر خدا کو پکارتا ہے، دوسرے مسافر کی دعا جو سفر کی پریشانیوں اور سفر کی کوفتوں میں گھرے ہوئے خدا کے حضور کرتا ہے، تیسرے ماں باپ کی دعا جو وہ اپنے بچوں کی بہتری کے لئے تڑپ تڑپ کر کرتے ہیں (ابن ماجہ)

3۔حضرت ایوبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا اچھی تربیت سے بڑھ کر کوئی بہترین اور اعلیٰ تحفہ نہیں جو باپ اپنی اولاد کو دے سکتا ہے۔ (ترمذی)

پس وہ والدین جو اپنے بچوں کی نیک تربیت خدا اور رسول ﷺ کے احکام کے مطابق کرتے ہیں۔ اس دنیا سے گزر جانے کے بعد بھی ان کا یہ نیک عمل بطور صدقہ جاریہ چلتا رہتا ہے اور ہر آن ان کے درجات کی بلندی کا باعث بنتا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اولاد کی خواہش تو لوگ بڑی کرتے ہیں اور اولاد ہوتی بھی ہے مگر یہ کبھی نہیں دیکھا گیا کہ وہ اولاد کی تربیت اور ان کو عمدہ اور نیک چلن بنانے اور خدا تعالیٰ کے فرمانبردار بنانے کی سعی اور فکر کریں نہ کبھی ان کے لئے دعا کرتے ہیں اور نہ کبھی مراتب تربیت کو مدنظر رکھتے ہیں میری اپنی تو یہ حالت ہے کہ میری کوئی نماز ایسی نہیں جس میں اپنے دوستوں، اولاد اور بیوی کے لئے دعا نہیں کرتا''۔ (ملفوظات جلد1 ص562)

پھر ایک جگہ حضور فرماتے ہیں:۔

''جب تک اولاد کی خواہش اس غرض سے نہ ہو کہ وہ دیندار اور متقی ہو اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار ہو کر اس کے دین کی خادم بنے بالکل فضول ہے لیکن اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں صالح اور خدا ترس اور خادم دین اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو اس کا یہ کہنا نرا ایک دعویٰ ہو گا جب تک کہ وہ اپنی حالت کی اصلاح نہ کرے، اگر خود فسق و فجور کی زندگی بسر کرتا ہے اور منہ سے کہتا ہے کہ میں صالح اور متقی اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو وہ اپنے دعوے میں کذاب ہے، صالح، متقی اولاد سے پہلے ضروری ہے کہ وہ خود اپنی اصلاح کرے اور اپنی زندگی کو متقیانہ بنا دے تب اس کی خواہش ایک نتیجہ خیز خواہش ہو گی اور ایسی اولاد حقیقت میں اس قابل ہو گی کہ باقیات صالحات کا مصداق کہلائے، لیکن یہ خواہش اگر صرف اس لئے ہو کہ ہمارا نام باقی رہے اور ہمارے املاک و اسباب کی وارث ہو یا وہ بڑی نامور مشہور ہو اس قسم کی خواہش میرے نزدیک شرک ہے''۔

رسول کریم ﷺ نے بچوں کو بچپن ہی سے آداب سکھانے کا حکم دیا ہے اور اپنے عزیزوں کو بھی بچپن میں آداب سکھا کر عملی ثبوت دیا، حدیثوں میں آتا ہے کہ امام حسنؓ جب چھوٹے تھے ایک دن کھاتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے آگے سے کھاؤ۔ حضرت امام حسنؓ کی عمر اس وقت اڑھائی سال کے قریب تھی ہمارے یہاں اگر بچہ سارے کھانے میں ہاتھ ڈالتا ہے اور سارا منہ بھر لیتا ہے بلکہ اردگرد بیٹھنے والوں کے کپڑے بھی خراب کرتا ہے تو ماں باپ ہنستے ہیں اور کچھ پرواہ نہیں کرتے اور اگر کوئی بچہ کو منع بھی کرے تو کہتے ہیں ابھی بچہ چھوٹا ہے آہستہ آہستہ سمجھ لے گا۔

پھر ایک اور واقعہ حدیث میں ہے کہ بچپن میں حضرت امام حسنؓ نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور منہ میں ڈالی تو آنحضرت ﷺ نے ان کے منہ میں انگلی ڈال کر نکال لی، جس کا مطلب تھا کہ تمہارا کام خود کر کے کھانا ہے نہ کہ دوسروں کے لئے بوجھ بننا، غرض بچپن کی تربیت ہی ہوتی ہے جو انسان کو وہ کچھ بناتی ہے جو آئندہ زندگی میں وہ بنتا ہے۔

بخاری اور مسلم میں ایک حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے آگے ماں باپ اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں اسی طرح یہ بھی سچ ہے کہ ماں باپ ہی اسے ہندو یا مسلمان بناتے ہیں اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ بچہ ماں باپ کے اعمال کی نقل کرتا ہے اور باتیں سن کر اور نقل کر کے وہ ہی بنتا ہے جو اس کے ماں باپ ہوتے ہیں اگر ماں باپ اسے اچھی باتیں نہ بتائیں گے تو دوسروں کے افعال کی نقل کرے گا، ہر ماں باپ کو اولاد سے پیار ہوتا ہے جب بچہ چھوٹا ہوتا ہے تو ماں باپ اس کی ہر جائز و ناجائز خواہش پوری کرتے ہیں اچھے اچھے کپڑے لے کر دیتے ہیں۔ اچھے اچھے سکول میں داخل کرواتے ہیں، سکول جانا ہو تو ماں صبح صبح بچہ کو زبردستی بھی اٹھاتی ہے کہ سکول سے دیر ہو جائے گی یا کبھی کوئی فنکشن ہو تو بھی بڑی ذمہ داری سے بچہ کو تیار کر کے بھیجے گی جب نماز کا ٹائم ہو تو صبح آرام سے اٹھانے کی کوشش کرے گی بیٹا اٹھ جاؤ یعنی ایسے جیسے لوری دے رہی ہو۔ بجائے بچہ اٹھنے کے وہ اور گہری نیند سو جاتا ہے اور ماں کہتی ہے ابھی بچہ ہے کوئی بات نہیں یعنی کہ یہ کوئی ضروری بات نہیں اور جب بچے بڑے ہو کر بگڑ جاتے ہیں تو کہتی ہے یہ پتہ نہیں کس پر گیا ہے میں نے تو اس کی ہر خواہش پوری کی تھی اور اچھی تربیت کی تھی اگر اچھی تربیت کی ہوتی تو ہرگز نہ بگڑتے اور نہ پچھتانا پڑتا۔

تربیت کے چند گُر

(1) بچہ کے پیدا ہونے پر سب سے پہلی تربیت اس کے کان میں نداء دینا ہے۔

(2) بچہ کو صاف ستھرا رکھا جائے۔

(3) غذا بچے کو ٹائم پر دینا چاہئے، بعض اوقات ہوتا یہ ہے کہ بچہ جب روتا ہے تو ماں اسے دودھ دیتی ہے، ایسا نہیں کرنا چاہئے بلکہ وقت مقررہ پر بچے کو دودھ دینا چاہئے، اس سے یہ صفات پیدا ہوتی ہیں۔

☆پابندی وقت کا احساس☆ خواہش کو دبانا ☆صحت☆مل کر کام کرنے کی عادت☆اسراف کی عادت نہ ہو گی۔ جب ہر وقت بچہ کو چیزیں دیں گے تو لازماً وہ ان میں سے کچھ ضائع کرے گا۔

(4) بچہ کو وقت مقررہ پر پاخانہ کی عادت ڈالنی چاہئے۔

(5) غذا اندازہ کے مطابق دی جائے اس سے قناعت پیدا ہو گی اور حرص دور ہو گی۔

(6) ہر قسم کی خوراک دی جائے گوشت، سبزیاں اور پھل وغیرہ کیونکہ غذاؤں سے بھی مختلف قسم کے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔

(7) جب بچہ بڑا ہو تو ہلکے پھلکے کام اس سے کروانے چاہئیں اور اپنے طور پر اسے کھیلنے کی اجازت بھی دیں۔

(8) بچہ کو زیادہ چومنا چاٹنا نہیں چاہئے، زیادہ چومنے چاٹنے سے بچے میں بہت سی برائیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور اخلاقی کمزوریاں بھی۔

(9) بچوں کو ڈراونی کہانیاں نہیں سنانی چاہئیں بلکہ بہادری کی کہانیاں سنانی چاہئیں۔

(10) بچے کو عمر کے مطابق کچھ ذمہ داریوں والے کام دینے چاہئیں تا کہ اس میں احساس ذمہ داری پیدا ہو بعض اوقات والدین بچے کی بے جا تائید کرتے ہیں، ایسا نہیں کرنا چاہئے اور بچے میں ضد کی عادت پیدا نہیں کرنی چاہئے۔

(11) بچہ سے ادب سے بات کریں۔ تو یا تم کہہ کر مخاطب نہ کریں۔

(12) بچوں کے سامنے جھوٹ، تکبر اور ترش روئی وغیرہ نہ کرنی چاہئے کیونکہ بچہ یہ باتیں بھی سیکھ لے گا۔

(13) بچہ کو علیحدہ بیٹھ کر کھیلنے سے روکنا چاہئے۔

(14) بچوں کو ننگا ہونے سے روکنا چاہئے اور ان کو عادت ڈالنی چاہئے کہ وہ ہمیشہ اپنی غلطی کا اقرار کر لیا کریں، مثلاً بچے سے غلطی ہو جائے تو اس سے اس طرح ہمدردی کریں گویا اس کا کوئی سخت نقصان ہو گیا ہے، آئندہ غلطی سے بچنے کے لئے اس کی غلطی کی وجہ سے اس کے والدین کو تکلیف اٹھانی پڑی ہے، بچہ کو سرزنش الگ لے جا کر کرنی چاہئے۔

(15) بچہ کو آداب و قواعد تہذیب سکھاتے رہنا چاہئے، بچہ کو جفاکش بھی بنانے کا خیال رکھنا چاہئے۔

(ماخذ منہاج الطالبین۔ انوار العلوم جلد9 ص201)

حضرت اماں جان کے متعلق حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ فرماتی ہیں:۔

''بچہ پر ہمیشہ اعتبار اور بہت پختہ اعتبار ظاہر کر کے اس کو والدین کے اعتبار کی شرم اور لاج ڈال دینا یہ آپ کا بڑا اصول تربیت تھا۔ جھوٹ سے نفرت اور غیرت و غنا آپ کا اول سبق ہوتا تھا۔ حضرت اماں جان ہمیشہ فرماتی تھیں کہ میرے بچے جھوٹ نہیں بولتے اور یہی اعتبار تھا جو ہم کو جھوٹ سے بچاتا تھا، مجھے آپ کا بچوں پر سختی کرنا کبھی یاد نہیں مگر پھر بھی آپ کا خاص رعب تھا۔

(سیرۃ حضرت اماں جان از محمود احمد عرفانی صاحب ص273)

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے فرماتے ہیں کہ پس دوستو اور عزیزو خدا کے لئے اس طرف توجہ دو اور اپنی اولادوں کے مستقبل کی فکر کرو اور جماعت کے قدم کو نیچے کی طرف جانے سے بچاؤ اور ان کے اندر...... احمدیت کی ایسی شمع روشن کر دو جس سے ہر اگلی نسل کی شمع خود بخود روشن ہوتی چلی جائے اور قرآن کے اس زبردست انداز کو ہمیشہ یاد رکھو کہ (قوا انفسکم) یعنی نہ صرف خود اپنے آپ کو بلکہ اپنی بیوی بچوں کو بھی آگ سے بچاؤ اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے اس ڈرا دینے والے شعر کو کبھی نہ بھولو کہ۔

ہم تو جس طرح بنے کام کئے جاتے ہیں
آپ کے وقت میں یہ سلسلہ بدنام نہ ہو

(اچھی مائیں ص20 از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے دسمبر 1922ء)

آجکل کمپیوٹر کا دور ہے اور کمپیوٹر وقت کے ساتھ ساتھ انسان کی ضرورت بنتا جا رہا ہے۔ اگر کمپیوٹر کا صحیح استعمال کیا جائے تو معلومات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے مگر اکثر لوگ اس کا صحیح استعمال کرنے کے بجائے غلط استعمال کرتے ہیں جو کہ انتہائی نقصان دہ ہے بلکہ آئندہ نسل کو تباہی کی طرف دھکیلتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ متعدد بار انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارے میں احتیاط کا کہہ چکا ہوں بعد میں پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ باپوں کی بھی ذمہ داری ہے، یہ ماؤں کی بھی ذمہ داری ہے کہ انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں بچوں کو ہوشیار کریں۔ (خطبہ جمعہ 30 جنوری 2004ء)

(خطبات مسرور جلد 2 ص 93)

پھر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 27 مارچ 2004ء کو برکینا فاسو کے جلسہ سالانہ کے موقع پر عورتوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: اگر انہوں نے اپنے مقام کو نہ سمجھا تو آئندہ ان کی اولاد کی دین پر قائم رہنے کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی اس لئے وہ اپنے مقام کو سمجھیں ورنہ اپنی اولادوں سے بے وفائی کر رہی ہوں گی۔

عورت کو چاہئے کہ دینی تعلیم بچوں میں منتقل کرنے کی غرض سے خود بھی دینی علم سیکھے۔ آجکل کے ماحول میں بہت سی برایاں ہیں۔ بے پناہ اخلاقی برائیوں میں معاشرہ ملوث ہے، ایک احمدی عورت کا کام ہے کہ اپنے آپ کو اس سے بچائے اور اپنی نسلوں کو بھی بچائے ورنہ یاد رکھو کہ پوچھی جاؤ گی یاد رکھو کہ اللہ کی پکڑ سے ہمیشہ بچنا چاہئے اگر اپنے آپ کو اور اپنی اولادوں کو بچانے کی کوشش کرتی رہو گی تو خدا اپنا فضل نازل کرے گا، ہر احمدی عورت اپنے بچوں کے حقوق ادا کرنے والی ہو اور ان کو نیک ماحول میں پروان چڑھانے والی ہو۔

بچوں کی دنیاوی تعلیم پر بھی خاص طور پر توجہ دیں کہ انہوں نے کل کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔ آج کے بچے کل کے معمار ہیں اور یہی وجہ ہے کہ حضرت مصلح موعود نے فرمایا کہ "قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی"۔ اگر آپ اپنے بچوں کو لغویات سے بچا کر ان کا مستقبل روشن کرنا چاہتے ہیں تو بچوں کو خدا کی امانت جان کر ان کا پورا خیال رکھیں، نماز، تلاوت قرآن کریم وغیرہ کا پابند بنائیں، بچوں کے لئے دعائیں کریں اور خاص طور پر یہ دعا کریں کہ اے خدا ہمارے بچوں کی نیک دعائیں قبول فرما۔ آمین

ہم اعلیٰ اخلاق کا نمونہ دکھانے والے ہوں ہمیں اور ہمارے بچوں کو رحمت کے سایہ میں رکھے اور ہمارا انجام خدا کی رضا پر ہو۔

اللہ تعالیٰ ہماری آئندہ نسل کو اعلیٰ اخلاق کا مالک بنائے اور ان کے کردار کی خود حفاظت فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

☆......☆......☆

ابن کریم

کردار کے موتی

انفاق فی سبیل سے قناعت حاصل ہوتی ہے

جماعت احمدیہ ایک حیرت انگیز مالی نظام رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ جماعت میں شامل ہونے والے کا ہاتھ اوپر کا ہاتھ ہوتا ہے اور اس عظیم الشان مالی نظام کی قبولیت کی ایک حیرت انگیز دلیل جماعت کے امام ہمام کی دعاؤں کا قبول ہو کر پیروکاروں کے لئے تسکین کا موجب ہو جانا ہے۔ جیسا کہ فرمایا گیا ہے کہ "ان سے اموال لے ان کا تزکیہ کر اور ان کے لئے دعا کر تیری دعا ان کے لئے تسکین کا موجب ہوگی"۔

(التوبہ: 103)

ہمارے ہاں جو نظام ہے اس میں خدا کے فضل سے تزکیہ نفس اور تزکیہ اموال اور امام کی پیروکاروں کے لئے قبول ہونے والی دعاؤں کا عظیم الشان نشان تائیدی طور پر شامل ہے۔ ہر احمدی اس بات پر گواہ ہے کہ اسے حضرت خلیفۃ المسیح کی دعائیں تسکین دیتی ہیں۔

ایک اور بہت ہی اہم اور نازک پہلو مالی قربانی کا جماعت احمدیہ میں یہ ہے کہ دولت کی حرص نہیں رہتی۔ ہوا و ہوس ختم ہو جاتی ہے۔ مجھے دو بظاہر چھوٹے چھوٹے واقعات بھلائے نہیں بھولتے۔ ایک دفعہ میں فیصل آباد والی ویگن سے ربوہ آ رہا تھا۔ ایک احمدی کی وہ ویگن فیصل آباد سے ربوہ تک ہی آتی ہے۔ ایک نوجوان چنیوٹ سے بیٹھا اور سرگودھا کے لئے کہا۔ ڈرائیور نے کہا آپ بیٹھ تو گئے ہیں مگر میں نے صرف ربوہ تک ہی جانا ہے مگر وہاں سے ابھی اسی وقت ایک گاڑی اسلام آباد کے لئے نکلنی ہے اس پر بٹھا دوں گا وہ آپ کو سرگودھا اتار دے گی۔ جب اس نوجوان نے کرایہ دینا چاہا تو ڈرائیور کہنے لگا کرائے کی ضرورت نہیں بظاہر تو دس روپے کی بات ہے مگر میں نے دیکھا ہے اور کئی واقعات پڑھے ہیں کہ چند روپوں سے مارو ماری لگ جاتی ہے مگر دینے والے ہاتھ دیکھیں اوپر ہی رہتے ہیں۔

پچھلے دنوں ایک نہایت غریب سے چھابڑی والے سے میں نے کہا بس آپ سرِ شام ہی گھر آ جاتے ہیں کہنے لگا چند روپے کما لئے۔ دو ہی کام کرنے ہوتے ہیں دال روٹی اور چندہ۔ باقی اللہ راکھا جو مل گیا شکر ہے باقی کل سہی۔

مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا بیان فرمودہ ایک واقعہ اکثر و بیشتر یاد آ جاتا ہے کہ حضرت مسیح موعود نے وزیرآباد کے ایک مخلص رفیق کو مالی قربانی کی تحریک فرمائی انہوں نے -/200 روپے دینی غرض کے لئے بھجوائے اور لکھا حضور میرے بیٹے کا جنازہ گھر میں پڑا ہے اس کی تجہیز و تکفین کے لئے یہ روپے تھے مگر خدا کے مسیح نے پکارا تو بیٹے کو انہیں کپڑوں میں دفنا دوں گا یہ -/200 روپے حاضر ہیں۔

یہ ایسا حیرت انگیز واقعہ ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے اب دو تین واقعات تازہ روزنامہ الفضل کے شماروں میں سے پیش کرتا ہوں جو ازدیاد ایمان کا موجب ہیں۔

محترم قریشی مبارک احمد صاحب جن کی آنکھیں فرطِ جذبات سے بہہ رہی تھیں اور آواز بھی بھرائی ہوئی تھی فرمانے لگے میں شاہد ہوں اس بات کا حضرت مصلح موعود نے فرمایا کہ اس قادیان کی جماعت کا مقابلہ دنیا کی کونسی طاقت کرسکتی ہے؟ میں نے منع کیا تھا کہ قادیان کے احباب مزید چندہ نہ دیں تو انہوں نے امرتسر جا جا کر مجھے وہاں سے منی آرڈر بھجوانا شروع کر دیئے۔

اللہ اللہ کیا قربانی ہے واقعہ میں جماعت احمدیہ میں مالی قربانی کے جذبہ کا مقابلہ دنیا کی کوئی قوم نہیں کر سکتی۔ جن کے دلوں میں یہ چسکا پڑ چکا ہے ان کی نظر ہر وقت خلیفہ وقت کے ہونٹوں کی جنبش کی طرف ہوتی ہے تا کہ ہم ہر قربانی کے لئے سب سے پہلے حصہ لینے والے ہوں۔ (روزنامہ الفضل یکم جولائی 2009ء)

رانا محمد خان صاحب امیر ضلع بہاولنگر کی ایک خوبی کا ذکر مضمون نگار کچھ اس طرح کر رہے ہیں۔

"ایک دفعہ شدید گرمی کے دن بہاولنگر سے چند ضلعی عہدیداروں کے ہمراہ تقریباً 50/60 کلومیٹر کا سفر کر کے 166 مراد ایک احمدی گھرانہ میں تعزیت کے لئے تشریف لائے اہل خانہ نے فوراً ایک بچہ کو ٹھنڈے مشروبات کی بوتلیں لینے دکان پر بھیج دیا بچہ جونہی بوتلیں لے کر واپس گھر میں داخل ہوا آپ نے فوراً سیدھا اپنی طرف اسے بلایا اور کہا پلیز فوراً یہ کھولے بغیر واپس کر کے آؤ اور دکان سے صرف 5/10 روپے کی چینی لے آؤ اور گھر میں لیموں تو دو چار ہوں گے ان سے ہمارے لئے سکنجبین بنوا لاؤ۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ پانی پی کر آپ نے اہل خانہ سے کہا کہ دیکھو ہم نے اپنی اپنی پیاس کے مطابق پانی بھی جی بھر کر پیا ہے مزہ بھی آیا ہے۔ بوتل سے تو پیاس بھی نہیں بجھتی اور بندہ دوسری بھی مانگنے سے شرماتا ہے اور پھر جو پیسے آپ کے بچے ہیں وہ اب آپ تحریک جدید یا وقف جدید میں دے دیں۔

(الفضل 22 جون 2009ء)

مکرم داؤد حنیف صاحب اپنی والدہ محترمہ ناصرہ بیگم صاحبہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

ایک سال تحریک جدید کا چندہ رہ گیا۔ کسی خاتون کے ذریعہ روئی گھر منگوائی اسے کاتا اور اس سے چھ روپے حاصل ہوئے وہ چندہ میں ادا کر کے سرخرو ہوئیں۔

ان کے بیٹے مبشر احمد صاحب کی پہلی تنخواہ کی روداد سنیں۔

عزیزم مبشر احمد نے 1972ء میں ملازمت شروع کی گاؤں میں والدہ کو پینے کا پانی دوسروں کے گھروں سے لانا پڑتا تھا چنانچہ جونہی پہلی تنخواہ عزیز کو ملی جو 120 روپے تھی وہ ساری والدہ کو بھجوا دی کہ آپ کو پانی کی بڑی دقت محسوس ہوتی ہے۔ آپ اس سے گھر میں نلکا لگوا لیں جب منی آرڈر ملا تو آپ نے وہ ساری رقم بیت الذکر کے چندہ کے لئے بھجوا دی اور مبشر کو لکھا بیٹا یہ پہلی تنخواہ تھی یہ میں نے خدا کے گھر کی تعمیر کے لئے دے دی اگلے ماہ کی تنخواہ سے آپ کی خواہش پوری کر لوں گی اور نلکا لگوا لوں گی۔

(روزنامہ الفضل 11 جولائی 2009ء)

☆......☆......☆

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

چھوٹے بچوں میں گردہ اور پیشاب کی بیماریاں

والدین کو بچوں کی امراض گردہ اور پیشاب کی علامات سے بخوبی آگاہ ہونا چاہئے۔ ایسے بچوں کو

☆ پیشاب کرنے میں دقت ہوتی ہے۔

☆ زور لگا کر پیشاب کرنا پڑتا ہے۔

☆ پیشاب کھل کر نہیں آتا۔

☆ پیشاب رک جاتا ہے یا قطروں کی صورت میں بار بار آتا ہے اور اس پر کنٹرول نہیں رہتا۔

☆ جسم پھول جاتا ہے۔ خصوصاً چہرے پر سوجن آ جاتی ہے۔

☆ گردوں کے مقام پر درد یا سوجن محسوس ہوتی ہے۔

☆ بار بار بخار ہوتا ہے۔ جس کی کوئی وجہ نہیں ہوتی۔

☆ بعض بچوں میں مثانے کی جگہ کی ساخت پیدائشی طور پر درست نہیں ہوتی۔

☆ پیدائش کے بعد گردوں اور مثانے کی بہت سی بیماریاں ہیں۔ جو بعد میں ظاہر ہوتی ہیں۔ ان میں گردے اور مثانے کی پتھریاں (Calc uli) کافی عام ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے بچوں بشمول واقفین نو کو لمبی صحت والی زندگی عطا فرمائے اور ان کو موذی اور جان لیوا بیماریوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

☆......☆......☆

مکرم ملک طاہر احمد صاحب

محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب کی یاد میں

حضرت مسیح موعود کے پڑپوتے حضرت مرزا شریف احمد صاحب کے پوتے، حضرت مرزا منصور احمد صاحب کے بڑے بیٹے اور ہمارے موجودہ امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے بڑے بھائی محترم مرزا ادریس احمد صاحب کو ان کے بہت قریبی اور عزیز ''اچھی میاں'' کے نام سے بھی پکارتے تھے۔ جلد چلے گئے۔ لیکن ہم کو یہ تعلیم ودیعت ہوئی ہے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

نیک لوگوں کی یادیں بھی انہی کی طرح اچھی اور نیک ہوتی ہیں اور یقیناً وہ جانے والے کے لئے اور ان کے لواحقین کے لئے دعاؤں میں ڈھل جاتی ہیں۔ ایسے ہی تھے ہم سب کے بہت پیارے اچھی میاں۔ جھکی جھکی نظریں، مختصر گفتگو لیکن صائب الرائے۔ ہمدرد اور خلوص سے بھرے ہوئے۔ بے ریا، بے نفس، جن کی ذات سے کبھی کسی کو نقصان نہیں پہنچا بلکہ فیض ہی ملا۔

ان سے تعلق کئی وجوہات کی بنا پر تھا۔ جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیوں کی وجہ سے، مشترک دوستوں کی وجہ سے شکار کی وجہ سے اور سب سے بڑھ کر ان کی ذات کے اندر جو ہمدرد انسان تھا اس کی وجہ سے وہ شخص مجموعہ تھا ان صفات کا جو خاندان حضرت مسیح موعود میں اللہ تعالیٰ نے ودیعت فرمائیں۔

1960ء میں خاکسار نے تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں فرسٹ ایئر میں داخلہ لیا۔ اس وقت سے لے کر ان کی وفات تک یہ پُرخلوص تعلق بڑھتا ہی رہا اور گزرتے ہوئے وقت نے ہمیشہ یہ ثابت کیا کہ باہمی تعلقات کی بنا اگر صرف قرآنی تعلیم پر رکھی جائے تو ہمارا معاشرہ جنت نظیر بن سکتا ہے اور اس کی زندہ مثال اگر روئے زمین پر ڈھونڈنی ہے تو جماعت احمدیہ میں ملے گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

پس جتنے آپ تھوڑے ہیں، جتنے آپ کمزور ہیں اتنے ہی زیادہ توحید کے ساتھ چمٹنے کی ضرورت ہے۔ آپ کی ساری طاقت کا راز یہ ہے کہ آپ ایک دوسرے کے ساتھ یک جان ہو جائیں۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے جو توحید قائم فرمائی اس کا نقشہ قرآن کریم نے یہ بیان فرمایا (-) کہ دیکھو پھر محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپؐ کے ماننے والوں کی کیا کایا پلٹی ہے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ نے اپنے عمل سے ان کو کیسا تبدیل کر دیا۔

(-) یہ آپس میں بے حد محبت کرنے والے ہیں اور جتنی آپس میں محبت کرتے ہیں اتنی ہی غیروں کے مقابلہ میں سختی اختیار کرتے چلے جاتے ہیں۔

یہ ترقی کرنے کا راز ہے۔ اس کے اندر حکمت کا ایک گہرا اور انمول موتی پوشیدہ ہے۔ ہمیشہ وہ قومیں غیروں پر سخت ہوتی ہیں جو اندرونی طور پر ایک دوسرے سے محبت کیا کرتی ہیں۔ ان میں غیر راہ نہیں پا سکتا۔ ان کو کمزور نہیں کر سکتا۔ ان کے اندر کسی قسم کا رخنہ نہیں ڈال سکتا۔ جو قومیں آپس میں ایک دوسرے میں رخنہ ڈالتی پھرتی ہیں وہ غیروں کی خوراک بن جایا کرتی ہیں۔ غیر ان میں داخل ہو جاتے ہیں۔

(روزنامہ الفضل سالانہ نمبر 30 دسمبر 2000ء ص6)

سال 1982ء کی بات ہے خاکسار حبیب بینک لمیٹڈ کی ڈیوس روڈ برانچ لاہور میں بطور سیکنڈ آفیسر تعینات تھا تو ایک روز اچھی میاں محترم بینک تشریف لائے۔

خاکسار اس وقت اپنی ایک بہت ہی قریبی عزیزہ کی بیماری کی وجہ سے بہت پریشان تھا۔ محترم میاں صاحب کو دیکھا تو فوراً خیال آیا کہ یہ حضرت مسیح موعود کے پڑپوتے ہیں اور خود بھی ایک بے نفس، بے ریا، نیک انسان ہیں۔ ان کو دعا کے لئے کہا جائے۔ خاکسار نے مختصراً عزیزہ کے حالات بیان کئے اور فوری دعا کے لئے درخواست کی۔

محترم میاں صاحب نے تمام حالات بہت ہمدردی اور توجہ سے سنے کچھ پُرخلوص مشورے بھی دیئے اور جہاں تک خاکسار کو یاد پڑتا ہے۔ فوری دعا کی اور مزید دعا کرنے کے لئے وعدہ بھی کیا۔ خاکسار نے میاں صاحب محترم کو یہ بتا دیا تھا کہ خاکسار امام وقت حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کو مسلسل دعا کرنے کے لئے بھی عرض کر رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عزیزہ کو شفا کاملہ عطا فرمائی لیکن اچھی میاں کی ہمدردی اور توجہ ہمیشہ کے لئے دل پر نقش ہو گئی۔

دوسری یاد ستمبر 1965ء کے دنوں کی ہے۔ پاک و ہند جنگ زوروں پر تھی۔ ربوہ میں بلیک آؤٹ کو مزید مؤثر بنانے کے لئے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) جو اس وقت ہمارے کالج کے پرنسپل ہونے کے علاوہ صدر صدر انجمن احمدیہ پاکستان تھے نے حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کو جو اس وقت نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ تھے۔ اس کام کا انچارج بنا دیا اور تمام ربوہ کو ان کی نگرانی میں دے دیا۔ تمام صحت مند انصار خدام اور بڑے اطفال دن اور رات حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کے پاس حاضر تھے۔ آپ نے دفتر وقف جدید کو اپنا مرکز بنایا ہوا تھا۔ دو دو تین تین کے گروپس بنتے تھے۔ دن کے اوقات میں بھی رات کے علاوہ ربوہ کے اردگرد کے علاقہ کی اور خاص طور پر پہاڑیوں کی چھان پھٹک ہوتی تھی۔ کیونکہ یہ افواہ مسلسل گردش کرتی تھی کہ ہندوستانی Paratroops رات کو اترتے ہیں جو کہ بعد میں بالکل غلط ثابت ہوئی اور صرف افواہ ہی ثابت ہوئی۔ اچھی میاں کو خاکسار نے دیکھا کہ دو افراد خاندان کے ساتھ اپنی ذاتی لائسنس یافتہ بندوق کے ساتھ سرگودھا روڈ پر جانب احمد نگر ربوہ کے مضافات میں علاقہ کی نگہداشت رات گئے تک کرتے رہے۔ خاکسار چونکہ ایک اور گروپ کے ساتھ تھا جو کہ اچھی میاں کے گروپ کے پیچھے تھا۔ اس لئے خاکسار اس بات کا ذاتی گواہ ہے کہ ان افراد نے بہت محنت اور لگن سے یہ کٹھن کام سرانجام دیا۔ ظاہر ہے کہ یہ کام کوئی ایک رات کا نہیں تھا۔ مسلسل تھا اہالیان ربوہ نے مثالی بلیک آؤٹ Observe کیا اور ان افواہوں کی تردید اپنے عملی کام سے کی کہ کوئی Paratroops ربوہ کے اردگرد نہیں اترا۔ اس طرح سرگودھا ایئر بیس کی حفاظت میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا۔

اچھی میاں محترم کے واقعات تو کئی ہیں اور یہ تمام واقعات اس ایک بات کی مسلسل نشاندہی کرتے ہیں کہ اصل عزت صرف اور صرف انہی کو حاصل ہوتی ہے جو کہ فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور مسکینی سے اپنی زندگیاں بسر کرتے ہیں اور تکبر اور نخوت کو بکلی چھوڑ دیتے ہیں۔

مکرم ڈاکٹر نسیم اللہ خان صاحب

صاف پانی پینا صحت کے لئے ضروری ہے

